ڈراما فلمز کا بہترین و نایاب مزاحیہ شاہکار

سگائی

ریحانہ۔ پریم ناتھ۔ گوپ
یعقوب

مکمل
سٹوری وگانے

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

خلاصہ

ولائیت سے لوٹتے ہی چاندنی نے سُنا کہ اُس کے باپ نے اُس کی سگائی طے کر دی ہے۔ اُس کے غصہ کی انتہا نہ رہی۔ نئی روشنی کی لڑکی۔ اور اُس کی مرضی کے بغیر ہی سگائی۔ باپ سے اُس کا جھگڑا ہو گیا۔ وہ گھر سے بھاگ نکلی۔ راستہ میں اُس کی ملاقات ڈبو اور چمن سے ہوئی۔ جو بے پیندے کے لوٹے کی طرح اِدھر اُدھر لڑھک رہے تھے۔ اُن کے شور پر چاندنی مسز چاند بنگئی۔ اور تینوں ساتھ گھومنے لگے۔ آگے پردہ پر۔ ۔ ۔ ۔

گانے

ایک دن لاہور کی ٹھنڈی سڑک پر شام کو
جا رہے تھے سائیکل پر ہم ضروری کام کو
سامنے سے آ رہی تھیں بلبلوں کی ٹولیاں
روک کر سائیکل لگے ہم سُننے میٹھی بولیاں
بگڑ گئی بنتے بنتے بات۔ ہوئی وہاں جوتوں کی برسات
طبیعت صاف ہو گئی صاف
چلے تھے کرنے کاروبار۔ سڑک پر کر بیٹھے کیوں پیار
ہو گیا پل بھر میں یہ حال۔ کہ اُڑ گئے سارے سر کے بال

طبیعت صاف ہو گئی صاف

ملا یہ اُلفت کا انعام ۔ کہ ہو گئے گھر گھر میں بدنام
گئے تھے بنکر یہ گمنام ۔ پر آئے واپس گھٹنا تھام
طبیعت صاف ......

بھری دنیاں جوتوں کی برسات ۔ طبیعت ....
کہوں میں ایک پتے کی بات ۔ یہ ظالم دل ہے بڑا بدذات
اسی دل کی تھی یہ کرتوت ۔ اسی نے پڑوائے ہیں جوت
طبیعت صاف ہو گئی صاف

بھری دنیاں ....

نمبر ۲

ڈیڈی جی میری ممی کو ستانا نہیں اچھا
ستانا ۔ رُلانا ۔ جلانا نہیں اچھا
دن بھر میں تم پی جاتے ہو سگریٹ کے دو ٹین
کبھی رسوئی میں بھی دیکھو برتن ہیں کل تین
دیکھو جی گھر کو آگ لگانا نہیں اچھا
ڈیڈی جی میری ..
صبح سویرے آٹھ بجے تم گھر سے دفتر جاتے
شام کو چھٹی ہوتی ہے گھر آدھی رات کو آتے
دیکھو جی اتنی دیر سے آنا نہیں اچھا ۔

ڈیڈی جی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
بیوی گھر میں چولہا پھونکے تھا شور مچا کے
باپ ہمارا باپ رہے باپ کلب میں ناچے گائے
دیکھو جی بیوی بچے کو بھلانا نہیں اچھا
ڈیڈی جی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

نمبر ۳

حسینوں کی گاڑی میں عاشق کا گھوڑا ۔

بیدرد قسمت کے ہاتھوں نے جوڑا
محبت جتا کے آنکھیں لڑا کے ۔ چلے آرہے ہیں حجامت کرا کے
کہا میں نے اُس سے محبت کروں گا ۔

تمہارے لئے ہی جیوں گا مروں گا
فٹافٹ دیا اک چانٹا جما کے ۔ چلے آرہے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔
کہا میں نے دل کو ہتھیلی پہ رکھ کے یہ انمول موتی ہیں لیلیٰ پرکھ کے
وہ چلتے بنے دل کو ٹھوکر لگا کے ۔ چلے آرہے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔
کہا تھا بزرگوں نے دل نہ لگانا ۔ محبت کی گرمی سے دامن بچانا
مگر اب تو بیٹھے ہیں دامن جلا کے ۔ چلے آرہے ہیں ۔ ۔ ۔

نمبر ۴

اُدھر سے تم چلے اور ہم ادھر سے ۔ محبت ہو گئی بس ایک نظر سے
محبت بن کے جو برسے ہیں دل پر

نہ جانے وہ گھٹا آئی کدھر سے
لیے دل کی خوشی سکھ دینے والے
بہت دن ہم تیری الفت کو ترسے
چھپا رکھا تھا سینے میں ابھی تک
تمہارے پیار کو دنیا کے ڈر سے

نمبر ۵

او بابو کیسے دل کروں قابو سمجھائے جا
او جانی تیری بڑی مہربانی بتلائے جا
تیری جان کی قسم میرا دل نہیں بس میں
جاؤ جاؤ جاؤ نہ کھاؤ جھوٹی قسمیں
تیری جان کی قسم ہے ایمان کی قسم
مجھکو ہے تجھ سے پیار۔ میرا جیا بیقرار۔ مجھکو اپنا بنائے جا
او بابو ......
ہو ہو بڑے دیکھے پیار جتانے والے
انکھیاں بچا کے۔ نخرے دکھا کے جیا بہلانے والے
او جوانی کی قسم۔ زندگانی کی قسم
میں ہوں تیری غلام۔ تجھے میرا سلام
مجھکو دل میں بسائے جا۔ او بابو.....

نمبر ۶

مرتے کو مارے دُنیا ۔ واہ ری دُنیا ۔ واہ ری دُنیا
اکڑے کمزوروں کے آگے ۔ طاقت والوں سے یہ بھاگے
جھکتی ہے دُنیا ۔ جھکانے والا چاہیئے ۔
پیو دُودھ کھاؤ گھی ۔ دُنیا کرے گی جی جی جی
طاقت والوں کی جے ہو گی ۔ کمزوروں کی پی پاپی
جلتی ہے دُنیا جلانے والا چاہیئے ۔
جھکتی ہے دُنیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
شریمتی ہو یا بیگم ۔ ایک جان ہے سو سو غم
عورت کو کمزور نہ سمجھو ۔ مردوں سے کسی بات میں کم
ڈرتی ہے دُنیا ڈرانے والا چاہیئے ۔ جھکتی ہے ۔ ۔ ۔
ساری دُنیا کے کمزورو ۔ چاہے کالو ۔ چاہے گورو
مارو ایسا دھوبی پٹرا ۔ دُشمن کا ہو جائے رگڑا
دبتی ہے دُنیا دبانے والا چاہیئے ۔ جھکتی ہے ۔ ۔ ۔

نمبر ۷

ذرا سی دیر تھی باقی بہار آنے میں ۔ لگا دی آگ مقدر نے آشیانے میں
دل کی کہانی کہنا چاہیں ۔ ہائے ری قسمت کہہ نہ سکیں
آنکھوں سے آنسو بہنا چاہیں ہائے ری قسمت بہہ نہ سکیں
خاموش تارو ۔ شب کے نظارو ۔ دیکھو محبت کا انجام دیکھو
قدموں میں اُن کے رہنا چاہیں ہائے ری قسمت رہ نہ سکیں

آنکھوں میں پانی ہونٹوں پہ نالے ۔ محبت ہوئی ہے غموں کے حوالے
اِک دل ہمارا اور غم ہزاروں ۔ ہائے ری قسمت سہہ نہ سکیں

نمبر ۸

ہم ہیں یہاں دِل ساجن کے پاس ہے
آنکھوں میں ڈول رہی ملنے کی آس ہے
آنکھوں سے جو بھی آنسو بہے گا ۔ یہی کہے گا
قسمت کا لکھا ہو کر رہے گا
کہتے ہیں تجھ سے بُلبُل کے نالے ۔ او صیاد چاہے جتنا ستا لے
تیرے ستم دِل ہنس کر سہیگا ۔ اور یہ کہے گا ، قسمت کا لکھا ...
آزادیاں میری لیتی ہے لے لے ۔ قید غلامی دیتی ہے دیدے
جس کا ہے دِل اُس کا ہو کر رہے گا ۔ اور یہ کہے گا ۔
قسمت کا ......

نمبر ۹

محبت میں ایسے زمانے بھی آئے ۔ کبھی رو دئیے ہم کبھی مسکرائے
محبت کی آنکھوں سے اشکوں کو چُن کر
کسی نے فلک پر ستارے سجائے
بنایا تھا اِک آشیاں دو دلوں نے ۔ زمانے کی آندھی نے تنکے اُڑائے
محبت جو کی ہے تو فریاد نہ کر ۔ محبت پہ الزام آنے نہ پائے
(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ چند دنوں میں نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ اور جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیاء بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پوڈر۔ اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزاروں بے روزگاروں کو بارزوگار بنا چکی ہے۔ آپ بھی آج ہی اس کتاب کو ضرور طلب کریں۔ قیمت رفاہ عام کی غرض سے صرف تین روپے محصولڈاک معاف۔

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)